## سوال

(803)ورد وظیفے کا شرعی حکم اور طریقہ؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ورد کا اسلام میں کیا تصور ہے؟ اور اگر کسی آیت کا ورد کرنا ہو تو طریقہ وضاحت سے بیان کریں۔

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ورد و وظائف کرنے کی کتاب و سنت میں ترغیب وارد ہے۔ بعض کے لیے اوقات کا تعین ہے۔ اور بعض کے لیے وقت کی تعیین نہیں کی گئی بلکہ عامل کی مرضی پر چھوڑ دیا گیا ہے اسی طرح بعض صورتوں میں گنتی کا تعین ہے۔ جب کہ دیگر بعض میں گنتی کی تصریح نہیں۔ احادیث میں جس انداز میں وظائف وارد ہوئے ہیں۔ اسی طرح ہونے چاہئیں اپنی طرف سے کمی بیشی نہیں کرنی چاہیے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

### جلد:3،تلاوۃِ قرآن : صفحہ:552

محدث فتویٰ